

www.novelsclubb.com
وجہ سکون
بقلم کلثوم اعظم
ناولز کلب

السلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔ تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول، افسانہ، شاعری، ناولٹ، کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک، انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

03257121842

WWW.NOVELSCLUBB.COM

# وجہ سکون

## از کلثوم اعظم

سیاہ راتیں جہاں انسان کو خدا سے ملنے کا موقع فراہم کرتی ہیں،انسان تن تنہا اپنے رب سے ایسا رشتہ جوڑتا ہے جو دونوں جہانوں کی فلاح کا سبب بنتا ہے وہیں سیاہ راتوں میں انسان ایسے گناہ کا مرتب بھی کرتا ہے جو اگر دن دھاڑے کرے تو دوسروں کو تو چھوڑیں اس انسان کا اپنا ضمیر تک کانپ اٹھے۔

www.novelsclubb.com

ایک آخری نظر اپنے بڑے سے کمرے پہ جو کہ بچپن سے اس کی رہائش گاہ تھا ڈال کے وہ کمرے سے باہر نکل آئی۔۔

ہاتھ میں سیاہ بیگ تھا جس میں اسکے کپڑوں سمیت سارا سامان تھا۔وہ سامان جو ضروری تھا۔۔

www.novelsclubb.com

اس زندگی کے لیے ضروری تھا جو اس نے آگے اپنی سوچ رکھی تھی۔۔

اپنے بے حد پیارے کمرے کو چھوڑ کے وہ راہداری میں آگے قدم بڑھانے لگی۔۔

گیارہ بجے کا وقت تھا۔ گرمیوں میں تو چہل پہل ہوتی تھی اس وقت تک لیکن سردیوں کی وجہ سے ہر چیز اپنی آرام گاہ میں سکون کی نیند سو رہی تھی۔۔

www.novelsclubb.com

وہ چلتی ہوئی ایک کمرے کے باہر رکی۔۔

گہری سانس چھوڑی۔۔

موبائل جیب سے نکالا اور ٹائم دیکھا۔۔

گیارہ بج کے دس منٹ ہو رہے تھے۔۔

اسے بارہ بجے تک وہاں پہنچنا تھا۔۔اپنے پیار کے پاس۔۔

www.novelsclubb.com

جو اس کا انتظار کر رہا تھا۔۔

جس کی ساتھ زندگی گزارنے کے لیے وہ خود بہت بے چین تھی۔۔

خوشی پھر چہرے پہ چھلکنے لگی۔۔

تھوڑا بہت جو افسوس اندر سر اٹھا رہا تھا اپنے ماں باپ کو دھوکا دینے کا وہ بھی دور کہیں جا سویا۔۔

رخ موڑ دیا۔۔۔اب جب ساری زندگی ان کے بغیر ہی رہنا تھا تو ابھی جا کے خود کو کمزور کیوں کرنا۔۔

www.novelsclubb.com

اس نے سوچا۔۔ابھی قدم آگے نہیں بڑھا تھا جب آواز اسے سنائی دی۔۔

اس کے باپ کی آواز۔۔

مسئلہ آواز کا نہیں تھا بلکہ اپنے نام سے تھا جو ان کی آواز میں اسے سنائی دیا۔۔

"وہ چوڑیوں کا سیٹ تم نے شائفہ کے لیے بنایا تھا۔۔اور اب وہ میں لے لوں؟ خیر پیسوں کا بندوست میں کہیں سے بھی کر لوں گا لیکن وہ چوڑیاں نہیں لونگا"۔۔اس کے پاپا کی پہلے ہنستے ہوئے اور پھر دو ٹوک آواز سنائی دی۔۔

شائفہ نے نگاہیں بیگ کی طرف پھیریں۔۔

ظاہر ہے انہیں آگے پیسوں کی ضرورت پڑتی۔۔

ماں نے ایک دفعہ بتایا تھا اسے ان چوڑیوں کے بارے میں۔

www.novelsclubb.com

" یہ تمہاری شادی پہ دوں گی میں تمہیں،، دیکھو کتنی پیاری ہیں "ماں کا مسکراتا چہرہ اسے دیکھائی دیا اور آنکھوں میں بیٹی کی شادی کی بات کرنے پہ زرا زرا سی نمی۔۔

"اوران کا ڈیزائن تمہیں کتنا پسند تھا حالانکہ مجھے شروع میں بہت ہی عجیب لگا تھا" پاپا کی پھر سے چہکتی آواز آئ۔

www.novelsclubb.com

"سنیں جی، مجھے لگتا ہے شائفہ کچھ خوش نہیں اس رشتے سے۔۔" پھر اسے ماں کی جھجکتی ہوئ آواز سنائ دی۔۔

اس کے گلے میں گلٹی ڈوب کے ابھری۔۔

"مجھے پتا ہے، وجہ وہ کسی اور کو پسند کرتی ہے۔۔ میری ہو چکی ہے بات اس بارے میں اس سے۔۔" باپ کی آواز سے اسکے چہرے پہ تلخی آئی۔۔

www.novelsclubb.com

"تو آپ نے کیا کہا اس سے ؟" ماں کی حیرانگی بھری آواز اسے طنزیہ مسکرانے پہ مجبور کر گئی۔۔

ماں باپ کبھی نہیں سمجھ سکتے اپنے بچوں کو انہیں بس اپنی عزت پیاری ہوتی ہے، بچوں کی زندگی کا فیصلہ وہ آخر کیسے لے لیتے ہیں" آہستہ سی آواز میں وہ بڑبڑائی۔۔

www.novelsclubb.com

میں نے اسے منع کر دیا کہ میرے دوست کے بیٹے سے ہی ہو گی تمہاری شادی "

" اور ظاہر مجھے یہی کہنا تھا۔۔ نہیں؟

"پر لڑکی کی پسند اگر کوئ اور ہے تو ہمیں بھی اسکا احترام کرنا چاہیئے۔اس کی مرضی جاننی چاہیئے اور اس کے مطابق کرنا چاہیئے ہمارا اسلام بھی تو یہی کہتا ہے۔۔"

اسے اپنی ماں کی احتجاج سے بھرپور آواز سنائ دی۔۔

www.novelsclubb.com

اسے بے ساختہ ان پہ پیار آیا۔۔وہ عورت تھیں سمجھ سکتی تھیں اپنی بیٹی کو۔۔اس نے سوچا۔۔

WWW.NOVELSCLUBB.COM

"تو کیا اسلام یہ بھی کہتا ہے کہ کسی لڑکے کو پسند کرو اور اس سے اظہار بھی کرو۔ اس سے دوستی کرو؟اس کے ساتھ تعلق بناؤ؟ماں باپ سے چھپ کے ؟اللہ کو ناراض کر کے ؟ "

ایک تو ٹھنڈ سے دوسرا باپ کی بات سن کے اس کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے

---

www.novelsclubb.com

لڑکی کی پسند سے مراد یہ تو کبھی نہ تھا کہ وہ آدھی رات کو چھپ چھپ کے اس " سے فون پہ بات کرے اور دن کو کالج بنک کر کے اس کے ساتھ گھومے۔۔"اس نے سوچا۔۔

کچھ بھی نہیں ہے میں بالکل صحیح کر رہی ہوں۔ماں باپ کو سمجھنا چاہیئے ان کے " بچوں کی زندگی وہ اپنی مرضی سے نہیں چلا سکتے "

www.novelsclubb.com

شیطان نے حملہ کیا تھا اور بہت شدت سے کیا تھا۔۔

اسے جانا چاہیئے "سوچا صحیح پر قدم آگے نہیں بڑھے۔۔ "

میں اس کا باپ ہوں، میرے چار دوستوں میں سے جنہوں نے اس کا رشتہ مانگا "
ہے ان میں سے جس کے بیٹے سے میں نے اپنی بیٹی کا رشتہ طہ کیا وہ میری طرح ہی
مڈل کلاس طبقے سے ہے۔۔

www.novelsclubb.com

اس کا مطلب یہ ہے کہ میں نے پیسے یا کسی اور مفاد کی وجہ سے یہ رشتہ طے نہیں کیا ۔۔اور دوسرا عابس بہت اچھا لڑکا ہے، کم گو ضرور ہے، سنجیدہ بھی ہے لیکن بہت نرم دل کا مالک ہے۔۔

میں بچپن سے اسے جانتا ہوں۔۔میں نے کبھی اونچی آواز میں اسے بات کرتے نہیں سنا غصے میں بھی۔۔

www.novelsclubb.com

میں یہی چاہتا ہوں کہ میری بیٹی کو ایسا کوئی شخص ملے جو اسے اپنی اونچی آواز سے نہیں اپنی نرم گوئی سے اپنے سانچے میں ڈھالے۔۔ "

نرم گرم سیال اس کے چہرے پہ لڑیوں کی صورت بہا تو وہ چونکی۔۔

یہ آنسوں بے اختیار تھے۔۔

www.novelsclubb.com

اگر اس نے کوئی ایسا ویسا قدم اٹھا لیا تو؟" ماں کی آواز میں خدشے بول رہے تھے "
۔۔وہ عورت تھیں، جس کے دماغ میں خدشے کسی وجہ کے بنا بھی موجود ہوتے
ہیں۔۔

یہ سوال اسے چابک کی طرح لگا تھا۔۔

وہ میری بیٹی ہے بیگم صاحبہ وہ اپنے باپ کا سر کبھی نیچے نہیں ہونے دے گی۔۔ "

www.novelsclubb.com

یہ بات مجھے ہمیشہ سے پتا تھی، ہے اور رہے گی "اس کے باپ کی پر سکون آواز اسے کسی پاتال میں گرا رہی تھی۔۔

"پھر بھی اگر۔۔ "

www.novelsclubb.com

" کئی دن پہلے جب ہماری اس بارے میں بات ہوئی اس کے اگلے دن میں اس کے کمرے میں اس سے بات کرنے گیا تھا، لیکن دروازے میں ہی رک گیا۔۔

پتا ہے کیوں؟

کیونکہ وہ اندر کسی سے اونچی مگر سخت آواز میں بات کر رہی تھی۔۔

یقیناً فون پہ۔۔

اس کے الفاظ پتا ہے کیا تھے

www.novelsclubb.com

بھاگ جائیں؟تم یہ کہہ رہے ہو بھاگ جائیں۔۔ "

تمہیں شرم نہیں آئی ایسی بات کرتے ہوئے۔۔

میرے ماں باپ کو دھوکہ دوں میں۔

اور اب نہ سہی آخرت میں اپنے خدا کو میں کیا جواب دوں گی؟!۔۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM

میں ایسا کوئی کام نہیں کروں گی جس وجہ سے میرے ماں باپ کا سر جھکے ان کی عزت پہ حرف بھی آئے۔۔ "

شائفہ کو یاد آیا یہ پہلی دفعہ بھاگ جانے کے پلان پہ اس کا ردعمل تھا۔۔

لیکن آہستہ آہستہ اس کا ذہن صاف ہونے لگا۔اور آج یہ سیاہ بیگ لیے وہ یہاں کھڑی تھی۔۔

www.novelsclubb.com

"اور اگر وہ لڑکا واقعی ہماری بیٹی کے ساتھ مخلص بھی ہوا تو پیار بھی کرتا ہوا تو؟ "

" ہاں شاید محبت کرتا ہو لیکن جو لڑکا اسے گھر سے بھاگنے کا کہہ رہا ہے کیا وہ لڑکا مخلص ہو سکتا؟ کیا کل وہ اپنی بیٹی کو اگر وہ گھر سے بھاگ گی تو اس لڑکے کے ساتھ قبول کرلے گا۔

www.novelsclubb.com

یا پھر وہ اپنی بیٹی کا کسی لڑکے کے ساتھ بھاگ جانا قبول کرلے گا؟ میرے حساب سے تو نہیں۔۔ "

یہ آخری بات تھی جو اس نے مردہ ہوتے جسم کے ساتھ سنی تھی۔۔ پھر وہ تیزی سے اپنے کمرے کی جانب بڑھی۔۔

www.novelsclubb.com

آنسو تھے کے لگتا تھا آج ہی سارے بہہ جائیں گے۔۔

بچپن سے آج تک کے سارے مناظر نظروں کے سامنے گھومنے لگے۔۔

اس کا باپ،ایسا باپ جو ہر خواہش اسکی پوری کرنے کے لیے بیتاب ہوتا تھااور ہے۔

اس کی ماں جو دن بھر اسے اگر ڈانٹتی پر جب کبھی اس کی بیٹی کھانا نہیں کھاتی تو وہ بھی دن بھر بھوکی رہتی۔۔

www.novelsclubb.com

اسکے ماں باپ جو اسکی کامیابی پر اس سے زیادہ خوش دیکھائی دیتے۔۔

ذرا سی تکلیف پہ ان دونوں کو خود اپنا ہوش نہ رہتا۔۔

کسی کھانے کی چیز میں سے اس کا حصہ اسے دینے کے بعد اپنے حصے میں سے بھی اس کے لیے رکھنا اس کے ماں باپ کی پسندیدہ عادت تھی۔۔

www.novelsclubb.com

کچھ لمحے گزرے تو وہ جائے نماز پہ دیکھائی دی۔۔

گھٹنوں کے گرد بازوں باندھ کے ہچکیاں لیتی ہوئ۔۔

www.novelsclubb.com

" اللہ"

" ماما"

" پاپا"

یہ تین لفظ تھے جو وہ بول پا رہی تھی بس۔۔

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM

ماں باپ کیا ہوتے ہیں آج اسے سمجھ آیا تھا۔۔

ماں باپ ایسی ہستیوں کو کہتے ہیں جو دنیا میں، آپکو سب سے زیادہ چاہتے ہیں، کسی بھی غرض کے بنا۔۔

کسی بھی مطلب کے بنا۔۔

www.novelsclubb.com

سجدے میں جاتے ہوئے اس نے یہ اعتراف کیا تھا۔۔۔۔۔

--------------

اور اگر کوئی تم سے پوچھے کے خوشی کیا ہے؟

www.novelsclubb.com

WWW.NOVELSCLUBB.COM

تو تم اس سے کہنا اپنے ماں باپ کو اپنی کسی وجہ سے خوش ہوتے ہوئے دیکھا، ہنستے ہوئے دیکھنا

اور

اگر سوال اس کے الٹ آئے۔۔

www.novelsclubb.com

کہ دنیا میں سب سے تکلیف دہ لمحہ کونسا ہے تو

تم اسے بتانا

کہ اپنی کسی وجہ سے ماں باپ کے آنکھوں میں آنسوں دیکھنا۔۔۔

www.novelsclubb.com

۔۔

سکون کی وجہ پوچھتے ہیں لوگ

تو میں مسکرا دیتی ہوں

جس کے پاس ماں باپ ہوں انہیں کیا کہیں اور سے سکون ڈھونڈنے کی ضرورت پیش آسکتی ہے۔۔

یقیناً نہیں۔۔۔

www.novelsclubb.com

۔۔۔۔۔۔۔